ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆**حکیم سید محمد احمد سروسہارن پوری رحمہ اللہ:** ممتاز تحریکی، علمی و ادبی شخصیت حکیم سید محمود احمد سروسہارن پوری گزشتہ ماہ راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حکیم صاحب کے والد ماجد حکیم سید داؤد احمد بخاری سہاری پوری رحمۃ اللہ علیہ تقسیم ہند سے قبل مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے۔ سہارن پور میں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے میز بانوں میں تھے۔ اُن کے فرزند حکیم سید محمد احمد سروسہارن پوری رحمہ اللہ اپنے عظیم والد کے صحیح جانشین تھے، دینی تحریکی جدوجہد میں ہمیشہ سرگرم رہے۔ جماعتِ اسلامی کے مرحوم رہنما جناب نعیم صدیقی جب تنظیمی اختلاف کی بنیاد پر جماعت اسلامی سے الگ ہوئے تو انہوں نے ''تحریکِ اسلامی'' کے عنوان سے کام شروع کیا۔ حکیم سروسہارن پوری تحریکِ اسلامی میں اُن کے ہم سفر بن گئے اور جناب نعیم صدیقی کے انتقال کے بعد تحریکِ اسلامی کے امیر منتخب کیے گئے۔

حکیم صاحب مرحوم کو دینی، علمی و ادبی ذوق، طبّ وحکمت اپنے والد مرحوم سے ورثہ میں ملا۔ باقاعدہ مطب میں بیٹھتے اور مریضوں کو دوا دیتے۔ آپ نے تحقیقی مضامین لکھے اور اخبارات میں کالم اور تجزیے تحریر کیے۔ قادرالکلام شاعر تھے۔ ''ثنائے خواجہ'' اُن کا مجموعۂ حمد ونعت ہے۔ معروف صحافی جناب سعود ساحرؔ آپ کے چھوٹے بھائی ہیں۔ حکیم سید محمد محمود آپ کے فرزند ہیں اور آپ کی ہو بہو تصویر ہیں۔ حکیم صاحب مرحوم طویل عرصے سے فالج کے عارضہ میں مبتلا اور صاحبِ فراش تھے۔ انہوں نے طویل علالت میں بھی دینی جدّ وجہد کا عزم قائم رکھا اور عبادات کا خوب اہتمام کیا۔ وہ ایک متقی انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور دین کے راستے میں اُن کی سعی قبول فرمائے (آمین) اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

☆**والدہ مرحومہ امیر عمر:** مجلس احرارِ اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے رہنما جناب امیر عمر کی والدہ ماجدہ اور قدیم احرار کارکن کپتان غلام محمد مرحوم کی اہلیہ انتقال: ۲۱ر رمضان المبارک

☆**والدہ مرحومہ حاجی جابر علی:** ملتان میں ہمارے دیرینہ کرم فرما اور مدرسہ معمورہ کے معاون جناب حاجی جابر علی کی والدہ مرحومہ، انتقال: رمضان المبارک

☆**والدہ مرحومہ عبدالرحمٰن:** ملتان میں ہمارے مہربان جناب عبدالرحمٰن (رحمانیہ الیکٹرک) کی والدہ مرحومہ

☆**الطاف مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام رام گلی لاہور کے کارکن جناب امجد حسین وائیں کے بھائی الطاف حسین مرحوم، انتقال: رمضان المبارک

☆**نزاکت علی مرحوم:** شہلی غربی تحصیل حاصل پور میں ہمارے مہربان عبدالسلام کے بھائی نزاکت علی مرحوم

☆**والد ماجد شفیق احمد:** شورکوٹ ضلع جھنگ میں ہمارے کرم فرما جناب شفیق احمد کے والد مرحوم

☆**والدہ مرحومہ محمد عثمان:** مجلس احرارِ اسلام سورج میانی ملتان کے کارکن محمد عثمان کی والدہ مرحومہ، انتقال: رمضان المبارک